ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

گزشتہ ایک ہفتہ کے دوران پولیس نے سندھ بھر سے مجموعی طور پر 651 ملزمان کو گرفتار کیا۔

کراچی 11 نومبر 2019:۔

ترجمان سندھ پولیس کیمطابق گزشتہ ایک ہفتہ کے دوران جرائم کیخلاف کی جانیوالی چھاپہ مار کاروائیوں پولیس مقابلوں سمیت علاقہ گشت، پکٹنگ جیسے اقدامات کی بدولت سندھ پولیس نے 197 مفرور، 77 اشتہاریوں و دیگر 377 ملزمان سمیت مجموعی طور پر 651 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔

تفصیلات کے مطابق:۔

- ☆ **کراچی پولیس** نے جرائم کیخلاف کی جانیوالی چھاپہ مار کاروائیوں کے دوران 67 مفرور، 10 اشتہاری و دیگر 175 ملزمان سمیت مجموعی طور پر 252 ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا جبکہ قبضے سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد ہوا۔
- ☆ **حیدرآباد** پولیس نے جرائم کیخلاف کی جانیوالی چھاپہ مار کاروائیاں کرکے 32 مفرور، 03 اشتہاری و دیگر 132 ملزمان سمیت مجموعی طور پر 167 ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرتے ہوئے اسلحہ و ایمونیشن برآمد کیا۔
- ☆ **لاڑکانہ** پولیس نے جرائم کیخلاف کی جانیوالی چھاپہ مار کاروائیوں کے دوران 52 مفرور، 46 اشتہاری و دیگر 27 ملزمان سمیت مجموعی طور پر 125 ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرتے ہوئے اسلحہ و ایمونیشن برآمد کیا۔
- ☆ **سکھر** پولیس نے جرائم کیخلاف کی جانیوالی چھاپہ مار کاروائیوں کے دوران 13 مفرور، 10 اشتہاری و دیگر 33 ملزمان سمیت مجموعی طور پر 56 ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا۔
- ☆ **شہید بینظیر آباد** پولیس نے جرائم کیخلاف کی جانیوالی چھاپہ مار کاروائیوں کے دوران 30 مفرور، 08 اشتہاری ملزمان سمیت مجموعی طور پر 38 ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا۔
- ☆ **میرپورخاص** پولیس نے جرائم کیخلاف کی جانیوالی چھاپہ مار کاروائیوں کے دوران 03 مفرور و دیگر 10 ملزمان سمیت مجموعی طور پر 13 ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا۔

۔٭۔٭۔٭۔٭۔٭۔٭۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔
فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 11 نومبر 2019ء۔

سندھ پولیس بینویلنٹ/ویلفیئر فنڈ بورڈ کا گیاروان اجلاس۔ آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کی سربراہی میں دیگر 13 ممبران کی اجلاس میں شرکت۔

رینج/یونٹس کے لیئے ریوالونگ فنڈز کی مد میں 48.82 ملین رقم کی منظوری دیدی گئی۔ ایس آر پی اور سی ٹی ڈی کے لیئے ویلفیئر کی مد میں 2.5 ملین رقم کی بھی منظوری دی گئی۔ نئ ویلفیئر اسکیموں کے لیئے 14 رینج/یونٹس کے لیئے 96 ملین کی رقم رکھنے کی منظوری۔

رواں سال جولائی تا ستمبر کے دورانیئے پر مشتمل 91.8 ملین کی رقم کی منظوری جو 6434 پولیس بیواؤں میں 5000 روپئے ماہانہ کے حساب سے انکے اکاؤنٹس میں منتقل کی جائیں گی۔ دس سال تک سروس کے دوران انتقال کر جانے والے پولیس ملازمین کی بیواؤں کو اگلے چھ ماہ تک پچیس ہزار روپئے مالی امداد فی کس کے حساب سے تقسیم کرنیکی منظوری بھی اجلاس نے دیدی۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔